
# سروے میں شامل 39 ممالک میں ، سگریٹ نوشی نہ کرنے کے لحاظ سے پاکستان کا چوتھا نمبر ہے، جہاں پاکستانیوں کی اکثریت (81% ) کبھی سگریٹ نہ پینے کا دعویٰ کرتی ہے۔




معلوم نہیں/ جواب نہیں دیا :2%



برائےمہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے کہیں گے کہ آپ سگریٹ پیتے ہیں ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## صحت کی دیکھ بھال

عمومی صحت اور صحت کی دیکھ بھال

## سروے میں شامل 39 ممالک میں ، سگریٹ نوشی نہ کرنے کے لحاظ سے پاکستان کا چوتھا نمبر ہے، جہاں پاکستانیوں کی اکثریت (81%) کبھی سگریٹ نہ پینے کا دعویٰ کرتی ہے۔

**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری)**


(اسلام آباد، 18 اپریل 2025

پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے جو دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، سروے میں شامل 39 ممالک میں ، سگریٹ نوشی نہ کرنے کے لحاظ سے پاکستان کا چوتھا نمبر ہے، جہاں پاکستانیوں کی اکثریت (81%) کبھی سگریٹ نہ پینے کا دعویٰ کرتی ہے۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ دنیا بھر میں ہر براعظم میں مارکیٹ کے حوالے سے ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹرنیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2025) شائع کیا ہے، اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 34,946 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ صحت کے عالمی دن کے موقع پر WIN نے صحت کے حوالے سے ذاتی تصورات ، اس سے متعلق عادات اور صحت مند زندگی کی خصوصیات کو سمجھنے کیلئے سروے کے تازہ ترین نتائج جاری کیے ہیں۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 6 دسمبر 2024 سے 2 جنوری 2025 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے کہیں گے کہ آپ سگریٹ پیتے ہیں ؟"**۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں ، 4% جواب دہندگان کے مطابق وہ بہت زیادہ سگریٹ پیتے ہیں ، 3% جواب دہندگان کے مطابق وہ زیادہ تر سگریٹ پیتے ہیں ، 5% جواب دہندگان کے مطابق وہ کم / بعض اوقات سگریٹ پیتے ہیں، 4% جواب دہندگان کے مطابق وہ بہت کم / کبھی کبھار سگریٹ پیتے ہیں، جبکہ 81% جواب دہندگان کے مطابق وہ سگریٹ کبھی نہیں پیتے ہیں، تاہم 2% جواب دہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے کہیں گے کہ آپ سگریٹ پیتے ہیں؟"**





*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 6 دسمبر 2024 تا 2 جنوری 2025 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**عالمی موازنہ (ریجن کے اعتبار سے نتائج):** عالمی سطح پر کیے گئے اس سروے کے مطابق، امریکن ریجن اور یورپ کے لوگوں (68%) کی زیادہ شرح کا یہ کہنا ہے کہ وہ کبھی سگریٹ نوشی نہیں کرتے۔ اس کے بعد اس حوالے سے شرح اے پیک (APAC) اور مینا (MENA) ریجن میں 67% اور 62% دیکھنے میں آئی۔

**عالمی موازنہ (ریجن کے اعتبار سے)**





نوٹ: معلوم نہیں / جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار کو اس میں شامل نہیں کیا گیا

*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**ممالک کے اعتبار سے نتائج:** پیراگوئے (89%) اور سویڈن (84%) میں ایسے افراد کی شرح سب سے زیادہ دیکھنے میں آئی جن کا یہ کہنا ہے کہ وہ کبھی سگریٹ نوشی نہیں کرتے۔ اس کے برعکس، یونان (35%) میں سگریٹ نوشی نہ کرنے والوں کی شرح سب سے کم پائی گئی۔ تاہم، پاکستان (81%) اُن ممالک کی فہرست میں چوتھے نمبر پر ہے جہاں تمباکو نوشی نہ کرنے والوں کی تعداد زیادہ پائی گئی۔


**ممالک کے اعتبار سے**




نوٹ: معلوم نہیں / جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار کو اس میں شامل نہیں کیا گیا


*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** عالمی سطح پر، مرد حضرات (60%) کی نسبت خواتین (75%) کی زیادہ شرح کا کہنا ہے کہ وہ سگریٹ کبھی نہیں پیتی ہیں۔




*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کی بنیاد پر نتائج:** عالمی سطح پر، تعلیم میں اضافے کے ساتھ سگریٹ نوشی نہ کرنے والے افراد کی شرح میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا۔




نوٹ: معلوم نہیں / جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار کو اس میں شامل نہیں کیا گیا

*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 18th April 2025**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)